مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ وغیرہ کی دارالعلوم آمد: شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ تقریب مشاہیر کے سلسلے میں ۳۰ راگست کو حضرت مہتمم صاحب کی دعوت پر جامعہ حقانیہ تشریف لائے تقریباً دو دن دارالعلوم حقانیہ میں قیام فرمایا، پہلے دن عصر کے وقت حضرت مہتمم صاحب اور دیگر علماء کی معیت میں حضرت امداد اللہ مہاجر مکی پیر کے دادا پیر حضرت شاہ عبدالرحیم ولایتی شہیدؒ (عرف سنگر بابا) کے مزار پر تشریف لے گئے۔ دوسرے دن مہتمم صاحب کی نئی تصنیف ''منبر حقانیہ سے خطبات مشاہیر'' کی تقریب رونمائی میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور خطاب فرمایا۔ مؤتمر المصنفین کی نئی کتاب ''منبر حقانیہ سے خطبات مشاہیر'' کی تقریب رونمائی کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں سینکڑوں علماء کرام و ہزاروں طلبہ کرام اور ارباب ذوق نے شرکت کی۔ جس کی تفصیل آپ شروع کے صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

قبائلی وفد کی حضرت مہتمم سے ملاقات: شمالی وزیرستان کے اتمان زئی قبیلہ کے مشران سرکردہ عمائدین کا گرینڈ جرگہ چیف آف وزیرستان ملک شاہ نواز خان کی قیادت میں اور ضلعی امیر مولانا عبدالحیٔ حقانی کی سرپرستی میں جامعہ حقانیہ تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کی اور آئی ڈی پیز کے حوالے سے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ حضرت مہتمم صاحب نے ان کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی اور کچھ دنوں بعد قبائلی وفد کی مولانا سید یوسف شاہ کی قیادت میں گورنر کے پی کے سے ملاقات کروائی۔ گورنر نے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔

۷ رستمبر یوم ختم نبوت کانفرنس میں مہتمم صاحب خطاب: دارالعلوم کی مجلس تعلیمی کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام اساتذہ اور عملے نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ ۷ رستمبر بانی دارالعلوم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے یوم وفات بھی ہے اور یوم ختم نبوت بھی، لہٰذا اس حوالے سے دارالعلوم میں یوم ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا اسی فیصلے کے پیش نظر ۷ رستمبر کو بعد از نماز مغرب دارالعلوم کی مسجد میں ایک عظیم الشان کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جس سے حضرت مہتمم صاحب نے تحریک ختم نبوت کے پس منظر، پارلیمنٹ کا فیصلہ، اکابرین کی خدمات اور بعد میں قادیانیت آرڈیننس وغیرہ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور اس تمام تحریک میں حضرت مولانا عبدالحقؒ کی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ کانفرنس کی اختتامی دعا حضرت مولانا انوار الحق صاحب نے فرمائی۔

فضلائے چارسدہ کا اجلاس: دارالعلوم حقانیہ کی زیر تعمیر جامع مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے